STATSMINISTERENS KONTOR

# اعلامیہ برائے اشاعت

نمبر : 57/21

تاریخ: 05 مئی 2021

## کورونا سرٹیفیکٹ سے متعلق قانون سازی میں ترامیم کیلیئے مشاورت

حکومت کرونا سرٹیفیکٹ کو بقیہ کی وباء میں مزید آسانیوں کیلیئے استعمال کرنا چاہتی ہے۔ کرونا سرٹیفیکٹ کے مزید وسیع پیمانے پر استعمال کیلیئے شاید زیادہ بہتر قانون سازی کی ضرورت ہوگی۔ لہذا حکومت آج مشاورت کیلیئے کرونا کے سرٹیفیکٹ کے استعمال سے متعلق ایک بل پیش کررہی ہے۔

ایک کرونا سرٹیفیکٹ، لازمی طور پر نام اور تاریخ پیدائش کو محفوظ طریقے سے دستاویز کرنے کے قابل ہوگا۔ یہ کے آپ کو ویکسین لگ چکی ہے، یہ کہ آپکا حال ہی میں نیگیٹیو ٹیسٹ آیا ہے یا پھر آپ کو کرونا ہونے کی وجہ سے آپ میں مدافعت پیدا ہوچکی ہے۔

- ایک ایسے سرٹیفیکٹ سے ہم اپنے معاشرے کو زیادہ سے زیادہ تیزی کے ساتھ کھول سکیں گے۔ لہذا ہم ایک ایسے کرونا سرٹیفیکٹ تیار کرنے کے لیئے کام کررہے ہیں جو قابل اعتماد ہو، ایسے سرٹیفیکٹ کے ساتھ ہم جتنے زیادہ فوائد منسلک کرسکتے ہیں تو یہ اتنا ہی قانون سازی کیلیئے اہمیت کا حامل ہوجائے گا۔ وزیراعظم ارنا سولبرگ کا کہنا ہے کہ ہم ستورتھنگ کے ساتھ اچھے تعاون کی امید کرتے ہیں تاکہ اس معاملے کو جلد ہی نمٹایا جاسکے۔

ابھی حکومت کے پاس کرونا سرٹیفیکٹ کے استعمال پر ممبنی ایک مکمل فہرست نہیں ہے۔

- ہم صحت کے حکام سے موصول شدہ مشورے سے اتفاق کرتے ہیں کہ بڑے اجتماعات، سیاحتی پیکیج اور لمبے سمندری سیاحت کیلیئے کرونا سرٹیفیکٹ استعمال کیا جاسکتا ہے۔ تاہم اس کے استعمال کے سلسلے میں حکومت کے عزائم وسیع ہیں۔ مثلاً ہم اس سرٹیفیکٹ کے استعمال کے سلسلے میں یہ بھی غور کریں گے کہ آیا اس کا استعمال ایسی جگہ بھی کیا جاسکتا ہے جہاں حکومت اقدامات سے سخت مقامی اصول نافذ ہیں۔ وزیر اعظم کا کہنا ہے کہ حتمی نتائج اخذ کرنے سے قبل کافی سارے سوالات کی وضاحت کی ضرورت ہے۔

ابتدائی مسودہ /ورژن تیار ہے

ناروے کے کرونا سرٹیفیکٹ کا ابتدائی ورژن تیار ہے۔ یہ آپکے ٹیسٹ کے نتائج اور کرونا ویکسین لگنے کا بتاتا ہے۔ یہ آپ اپنے فون پرHelsenorge کی ایپ کے ذریعے یاHelsenorge.no پر دیکھ سکتے ہیں، یا پھر آپ اسے پی ڈی ایف کے طور پر پرنٹ آوٹ کرسکتے ہیں۔

ابتدائی ورژن قابل تصدیق نہیں ہے لہذا جعلی سرٹیفیکٹ کے ذریعے دھوکہ دہی ہوسکتی ہے۔ وزیر برائے صحت و نگہداشت بینٹ ہوئیے کا کہنا ہے کہ لہذا اس ورژن کا ہم وسیع استعمال نہیں کرسکتے۔

## قابل اعتماد نظام

صحت کے حکام قابل تصدیق کرونا سرٹیفیکٹ پر کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ ورژن جون کے اوائل میں مکمل ہونا ہے، اور یہ اندرون ملک استعمال کیلئے موزوں ہوگا۔ آخری ورژن جس کی تکمیل جون کے آخر میں ہوگی وہ یورپین یونین کی شرائط کے مطابق ہوگا۔

- ہوئیے کا کہنا ہے کہ اس کا استعمال دوسرے ممالک میں سفر کرتے وقت بھی ممکن ہوگا اگر ویکسین لگنے، نیگیٹیو ٹیسٹ یا پھر کرونا کا شکار ہونے کے بارے میں ثبوت سرحد پار کرنے یا سفری پابندیوں سے بچنے کیلئے ضروری ہو۔

سفر سے متعلق کرونا سرٹیفیکٹ کو مشترکہ یورپین یونین کے نظام کے سلسلے میں دیکھا جاتا ہے۔

- جب ہم بارڈر کو ایک بار پھر کھولتے ہیں تو ہمارے پاس ایک ایسا نظام ہونا ضروری ہے جو قابل اعتماد ہو۔ جہاں دھوکہ دہی کی گنجائش نہ ہو اور ویکسین لگنے کے سلسلے میں لوگ جعلی ثبوت نہ پیش کرسکتے ہوں۔ ہوئیے نے زور دیا،

## بیرون خانہ اجتماعات

ڈائریکٹوریٹ برائے صحت اور صحت عامہ کے ادارے نے اس موسم گرما میں بیرون خانہ عوامی اجتماعات میں شرکاء کی تعداد کے لئے ایک خاکہ تیار کیا ہے۔ یہ خاکہ حکومت کے معاشرے کو دوبارہ کھولنے کے منصوبے کے مطابق ہے اور جمع ہونے والے شرکاء کی تعداد میں مرحلہ وار اضافے پر مبنی ہے۔

حکومت کے مطابق موسم گرما میں بیرون خانہ بڑے اجتماعات میں کرونا سرٹیفیکٹ اور بوقت داخلہ ٹیسٹ کا استعمال موزوں ہوسکتا ہے۔

- اس بات پر زور دینا ضروری ہے کہ یہ ایک ابتدائی منصوبہ ہے۔ کیونکہ سب سے پہلے سرٹیفیکٹ بنانے میں دشواریاں ہوسکتی ہیں۔ دوسرا یہ کہ سرٹیفیکٹ کو استعمال میں لانے سے پہلے کافی سارے سوالات کا جواب حاصل کرنا ہوگا۔تیسرا یہ کہ اگلے مرحلے کے جانب بڑھنے سے قبل پہلے مراحل کے تجربات کو استعمال کرنا ہوگا۔ لہذا بہت کچھ ابھی غیر واضح ہے۔یہ کہنا ہے وزیر اعظم ارنا سولبرگ کا۔

معاشرے کو دوبارہ کھولنے کے سلسلے میں بیرون خانہ اجتماعات میں شرکاء کی تعداد کے سلسلے میں مرحلہ 2،3،اور 4 کے منصوبے کیلئے ایک تجویز ہے۔ اس سلسلے میں تعداد میں تبدیلی اور گروہ بندی، مرحلہ 2،اور 3 کے تجربات پر مبنی ہوسکتی ہے۔ معاشرے کے دوبارہ کھلنے کاانحصار ابھی بھی اعداد و شمار پر ہے نہ کہ تاریخوں پر۔

بغیر مستقل تفویض شدہ نشستوں کے ساتھ۔(آج 200 افراد تک)

| | بغیر ٹیسٹ یا سرٹیفیکٹ | ٹیسٹ یا سرٹیفیکٹ کے ساتھ |
|---|---|---|
| **مرحلہ 2** | 200 | 2 x 200 |
| **مرحلہ 3** | 4 x 200 | زیادہ سے زیادہ کل گنجائش کا 50فیصد , 2000تک 500 کے گروہوں میں |
| **مرحلہ 4** | 1500 | زیادہ سے زیادہ کل گنجائش کا 75 فیصد , لیکن 5000تک |

مستقل تفویض شدہ نشستوں کے ساتھ۔(آج 200 x 3 افراد تک)

| | بغیر ٹیسٹ یا سرٹیفیکٹ | ٹیسٹ یا سرٹیفیکٹ کے ساتھ |
|---|---|---|
| **مرحلہ 2** | 3 x 200 | 5 x 200 |
| **مرحلہ 3** | 4 x 500 | زیادہ سے زیادہ کل گنجائش کا 50فیصد , 5000تک 500 کے گروہوں میں |
| **مرحلہ 4** | 5000 | زیادہ سے زیادہ کل گنجائش کا 75 فیصد , لیکن 10000تک |